Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

ZIYARAT · HAJJ O UMRAH

Philosophy of Hajj

فلسفۂ حج

Hazrat'e Paighambar (s) ke baad Madina mein Hajj ke waajib hone ka hukm naazil huwa. Har woh Musalmaan jo Hajj ki istitaat rakhta ho, us par zindagi mein sirf ek martaba Hajj (Hajjat-ul-Islam) waajib hai. (Kisi aur unwaan se Hajj ka waajib ho jaana alag masla hai.) Hajj agar-che Furoo'e Deen mein shaamil hai, lekin isey sab se afzal ibaadat mein shumaar kiya jaata hai, kyu'n keh is mein deeni aur dunyawi, samaaji, siyaasi aur roohaani faaide ek saath jama hotey hai'n jo dusri ibaadat mein kam nazar aate hai'n. Hajj asal mein: Sirf Allah ki bandagi, mukammal itaat aur aajizi ka izhaar hai, Allah se dil ka rishta mazboot karne ka zariya hai, Taaleem o tarbiyat ki dars-gaah hai, jahan insaan zindagi guzaarne ka saleeqa, achchha bartaaw aur amali ikhlaaq seekhta hai, Qurbaani aur mujaahida hai: jaan o maal ki qurbaani, nafs parasti aur ghuroor se azaadi, aur duniya ki be-ja mohabbato'n se nikal kar Allah ki taraf badhna, hamein aqeede mein wahedat aur amal mein ittehaad sikhaata hai, aur yeh ehsaas dilaata hai keh Musalmaano ko samaaji, siyaasi, ilmi, tehzeebi aur maashi maamlaat mein aapas mein mashwara aur taawoon karna chahiye, apne a'maal o manaasik ke zariye Deen ki mukammal tasveer aur duniya o aakherat ki zindagi ka waazeh tasawwur pesh karta hai, insaan ko roohaani bulandiyo'n ki taraf le jaata hai aur thake huwe haaji ke andar maanwiyat, Allah se taalluq aur qurb'e Ilaahi ki nayi rooh phoonk deta hai. Isi liye Imam Ja'far Sadiq (a) Hajj ke baatini (androoni) aadab ke baare mein farmate hai'n...

حضرتِ پیغمبرؐ کے بعد مدینہ میں حج کے واجب ہونے کا حکم نازل ہوا۔ ہر وہ مسلمان جو حج کی استطاعت رکھتا ہو، اُس پر زندگی میں صرف ایک بار حج (حجّۃ الاسلام) واجب ہے۔ (کسی اور عنوان سے حج واجب ہو جانا الگ مسئلہ ہے۔) حج اگرچہ فروعِ دین میں شامل ہے، لیکن اسے سب سے افضل عبادات میں شمار کیا جاتا ہے، کیونکہ اس میں دینی اور دنیاوی، سماجی، سیاسی اور روحانی فائدے ایک ساتھ جمع ہوتے ہیں جو دوسری عبادات میں کم نظر آتے ہیں۔ حج اصل میں: صرف اللہ کی بندگی، مکمل اطاعت اور عاجزی کا اظہار ہے، اللہ سے دل کا رشتہ مضبوط کرنے کا ذریعہ ہے، تعلیم و تربیت کی درسگاہ ہے، جہاں انسان زندگی گزارنے کا سلیقہ، اچھا برتاؤ اور عملی اخلاق سیکھتا ہے، قربانی اور مجاہدہ ہے: جان و مال کی قربانی، نفس پرستی اور غرور سے آزادی، اور دنیا کی بے جا محبتوں سے نکل کر اللہ کی طرف بڑھنا، ہمیں عقیدے میں وحدت اور عمل میں اتحاد سکھاتا ہے، اور یہ احساس دلاتا ہے کہ مسلمانوں کو سماجی، سیاسی، علمی، تہذیبی اور معاشی معاملات میں آپس میں مشورہ اور تعاون کرنا چاہیے، اپنے اعمال و مناسک کے ذریعے دین کی مکمل تصویر اور دنیا و آخرت کی زندگی کا واضح تصور پیش کرتا ہے، انسان کو روحانی بلندیوں کی طرف لے جاتا ہے اور تھکے ہوئے حاجی کے اندر معنویت، اللہ سے تعلق اور قربِ الٰہی کی نئی روح پیدا کر دیتا ہے، اسی لیے امام جعفر صادقؑ حج کے باطنی (اندرونی) آداب کے بارے میں فرماتے ہیں۔۔۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

اِذَا اَرَدْتَّ الْحَجَّ فَجَرِّدْ قَلْبَكَ لِلّٰهِ مِنْ قَبْلِ عَزْمِكَ مِنْ كُلِّ شَاغِلٍ وَّحِجَابِ كُلِّ حَاجِبٍ وَّفَوِّضْ اُمُوْرَكَ كُلَّهَا اِلٰى خَالِقِكَ وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ فِيْ جَمِيْعِ مَا يَظْهَرُ مِنْ حَرَكَاتِكَ وَسَكَنَاتِكَ وَسَلِّمْ لِقَضَآئِهٖ وَحُكْمِهٖ وَقَدَرِهٖ وَ وَدِّعِ الدُّنْيَا وَالرَّاحَةَ وَالْخَلْقَ۔۔۔ ثُمَّ اغْتَسِلْ بِمَآئِ التَّوْبَةِ الْخَالِصَةِ مِنَ الذُّنُوْبِ وَالْبَسْ كِسْوَةَ الصِّدْقِ وَالصَّفَآئِ وَالْخُضُوْعِ وَالْخُشُوْعِ وَاَحْرِمْ عَنْ كُلِّ شَيْءٍ يَّمْنَعُكَ مِنْ ذِكْرِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَيَحْجُبُكَ عَنْ طَاعَتِهٖ وَلَبِّ بِمَعْنٰى اِجَابَةٍ صَافِيَةٍ خَالِصَةٍ زَاكِيَةٍ لِّلّٰهِ عَزَّ وَ جَلَّ فِيْ دَعْوَتِكَ مُتَمَسِّكًا بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى وَطُفْ بِقَلْبِكَ مَعَ الْمَلَآئِكَةِ حَوْلَ الْعَرْشِ كَطَوَافِكَ مَعَ الْمُسْلِمِيْنَ بِنَفْسِكَ حَوْلَ الْبَيْتِ۔۔۔

IZAA ARADTTA AL-HAJJA FAJARRID QALBAKA LILLAAHI MIN QABLI 'AZMIKA MIN KULLI SHAAGHILIN WAHIJAABI KULLI HAAJIBIN WAFAWWID UMOORAKA KULLAHAA ILAA KHAALIQIKA WATAWAKKAL 'ALAYHI FEE JAMEE'I MAA YAZHARU MIN HARAKAATIKA WASAKANAATIKA WASALLIM LIQADAA'IHEE WAHUKMIHEE WAQADARIHEE WA WADDI'I AD-DUNYAA WAR-RAAHATA WAL-KHALQ... THUMMA IGHTASIL BIMAA'I AT-TAWBATI AL-KHAALISATI MINA AZ-ZUNOOBI WAL-BAS KISWATA AS-SIDQI WAS-SAFAA'I WAL-KHUDOO'I WAL-KHUSHOO'I WA-AHRIM 'AN KULLI SHAY'IN YAMNA'UKA MIN ZIKRI ALLAAHI 'AZZA WAJALLA WAYAHJUBUKA 'AN TAA'ATIHEE WALABBI BIMA'NAA IJAABATIN SAAFIYATIN KHAALISATIN ZAAKIYATIN LILLAAHI 'AZZA WA JALLA FEE DA'WATIKA MUTAMASSIKAN BIL-'URWATI AL-WUTHQAA WATUF BIQALBIKA MA'A AL-MALAA'IKATI HAWLA AL-'ARSHI KATAWAAFIKA MA'A AL-MUSLIMEENA BINAFSIKA HAWLA AL-BAYT...

When you intend to perform Hajj, then before you even resolve to go, strip your heart purely for Allah of every distraction and of every veil that blocks you. Hand over all of your affairs to your Creator, and rely upon Him in everything that appears from your movements and your stillness. Submit to His decree, His judgment, and His measure (destiny). Bid farewell to the world, to comfort, and to people. Then wash yourself with the water of sincere repentance from sins, and clothe yourself in the garment of truthfulness, purity, humility, and reverent awe. Enter into ihram by leaving everything that prevents you from the remembrance of Allah, Mighty and Majestic, and that veils you from obeying Him. And proclaim the talbiyah with the meaning of a response clear, sincere, pure, and devoted to Allah, Mighty and Majestic holding firmly to the strongest handhold. And perform the tawaf with your heart along with the angels around the Throne, just as you perform tawaf with your body along with the Muslims around the House (the Ka'bah).

حج کا قصد کرو تو پہلے اپنے دل سے غیر اللہ کو نکال باہر کرو، اپنے اور خدا کے درمیان سے ہر قسم کے حجابات اور دیگر حائل چیزوں کو ہٹا دو اور اپنے تمام امور کو اسی کے حوالے کردو۔ اپنے تمام حرکات و سکنات میں اسی پر توکل کرو، قضاء و قدر الٰہی اور اس کے فیصلوں کے سامنے سر تسلیم خم کرو، دنیاوی لذتوں اور لوگوں سے تعلق ختم کر لو۔۔۔ پھر توبہ کے خالص پانی سے گناہوں کی آلودگی برطرف کرو، صدق و صفا اور خضوع و خشوع کا لباس

Free to read, copy and share

زیب تن کر کے ہر اس چیز سے احرام باندھ لو جو تمہیں یاد خدا اور ذکر الٰہی سے غافل کرتی ہو اور اطاعت پروردگار سے مانع ہوتی ہو۔ خدا کی مضبوط رسّی سے تمسک اختیار کرتے ہوئے پاک اور خالص ترین انداز میں لبّیک کہہ کر دعوت الٰہی کا جواب دو اور جیسے یہاں مسلمانوں کے ساتھ خانۂ کعبہ کے گرد طواف کر رہے ہو صمیم قلب سے دل کی دنیا میں فرشتوں کے ساتھ عرش الٰہی کا طواف کرو۔

Printed from https://fzic.org/library/ziyarat/philosophy-of-hajj-3636 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.